
قرآن کوئز



مرتب
محمد فہیم قادری مصطفائی

www.jannatikaun.com

قرآن کوئز

بمُصطفٰی برساں خویش را کہ دِیں ہمَہ اُوست

ہر حافظ، ہر قاری، ہر گھر، ہر اسکول، ہر مکتب، ہر جامعہ اور ہر مسلمان
کے لیے ضروری رسالہ

قرآن کوئز

JANNATI KAUN?

از قلم
مفتی محمد فہیم مصطفائی

{حصّہ اوّل}

س(1) : قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا؟

جواب : تقریباً 22 سال، 2 ماہ اور 22 دن میں نازل ہوا۔

س(2) : قرآن مجید کے نزول کا آغاز کس مہینے میں ہوا؟

جواب : رمضان المبارک میں۔

س(3) : پہلی وحی کس غار میں آئی؟

جواب : غارِ حرا میں۔

س(4) : پہلی وحی کے وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب : چالیس سال۔

س(5) : سب سے پہلے قرآن مجید کی کونسی سورت نازل ہوئی؟

جواب : سورۃ العلق۔

س(6) : قرآن مجید کی پہلی نازل ہونی والی آیت بتائیں؟

جواب : [اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ]

س(7) : قرآن مجید کی سب سے آخری کونسی سورت نازل ہوئی؟

جواب : سورۃ النصر۔

س(8) : قرآن مجید میں کتنی سورتیں ہیں؟

جواب : 114۔

س(9) : آیت کا لغوی معنی کیا ہے؟

جواب : نشانی۔

س(10): سورۃ کا لغوی معنی کیا ہے؟

جواب : عظمت و مرتبہ۔

س(11): قرآن مجید کی مکّی اور مدنی سورتوں کی تعداد بتائیں؟

جواب : مکّی سورتیں 86 ، مدنی سورتیں 28۔

س(12): قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت کونسی ہے؟

جواب : سورۃ الکوثر۔

س(13): قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت کونسی ہے؟

جواب : سورۃ البقرہ، اس کے 40 رکوع اور 286 آیات ہیں۔

س(14): قرآن مجید کے کل کتنے پارے ہیں؟

جواب : تیس 30۔

JANNATI KAUN?

س(15): قرآن مجید کی کل کتنی منزلیں ہیں؟

جواب : سات 7۔

س(16): قرآن مجید کی وہ کونسی سورۃ ہے جس کے شروع میں بسم اللہ نہیں ہے؟

جواب : سورۃ التوبہ۔

س(17): قرآن مجید کی وہ کونسی سورۃ ہے جس میں دو دفعہ بسم اللہ ہے؟

جواب : سورۃ النمل۔

س(18): قرآن مجید میں کُل کتنے رکوع ہیں؟

جواب : 558۔

س(19): قرآن مجید میں کل کتنے انبیاے کرام عَلَیۡہِمُ السَّلَام کے نام آئے ہیں؟

جواب : 26 انبیاے کرام عَلَیۡہِمُ السَّلَام کے نام آئے ہیں۔

س(20): سورۃ البقرہ کا نام بقرہ کیوں ہے؟

جواب : بقرہ کا معنی ہے گائے، اس وجہ سے کہ اس میں گائے کا واقعہ ہے۔

س(21): قرآن مجید میں کُل کتنے سجدۂ تلاوت ہیں؟

جواب : 14۔

س(22): سورۃ بنی اسرائیل کی پہلی آیات میں کس مشہور واقعہ کا ذکر ہے؟

جواب : واقعۂ معراج۔

س(23): حضرت عائشہ رَضِیَ اللہُ عَنْہَا کی پاک دامنی کے بارے میں آیات کس سورۃ میں ہیں؟

جواب : سورۃ النور میں۔

س(24): قرآن مجید کا دل کونسی سورۃ ہے؟

جواب : سورۃ یٰس۔

س(25): نبی اکرم ﷺ نے نزع کے وقت کونسی سورۃ پڑھنے کا حکم دیا؟

JANNATI KAUN?

جواب : سورۃ یٰس۔

س(26): قرآن مجید میں انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کے نام پر کتنی سورتیں ہیں؟

جواب : چھ سورتیں۔

س(27): قرآن مجید میں کتنے اور کون کونسے شہروں کا نام آیا ہے؟

جواب : پانچ۔یثرب، مدائن، مکہ، روم، مصر۔

س(28): قرآن مجید کے پہلے حافظ کون تھے؟

جواب : رسولِ اکرم ﷺ

س(29): قرآن مجید میں کن کن کافروں کا ذکر آیا ہے؟

جواب : آٹھ کا۔یعنی ابلیس، فرعون، قارون، آذر، ہامان، سامری، ابولہب، جالوت۔

س(30): قرآن مجید پہلی دفعہ کاغذوں پر جلد کی صورت میں کس کے دور میں لکھا گیا۔

جواب : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

س(31): اللہ تعالیٰ کی طرف سے کل کتابیں اور صحیفے کتنے نازل کیے گئے؟

جواب : 100 صحیفے اور 4 کتابیں: ایک کتاب توراۃ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر، ایک کتاب

زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر، ایک کتاب انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اور ایک کتاب قرآن مجید ہمارے آخری نبی حضرت محمد مصطفی ﷺ پر۔

س(32): قرآن مجید میں نماز کی تاکید کتنی مرتبہ آئی ہے؟

جواب : تقریباً 750 مرتبہ۔

س(33): قرآن مجید میں کن کن فرشتوں کے نام آئے ہیں؟

جواب : سات ہیں یعنی جبرائیل، میکائیل، ہاروت، ماروت، ملک الموت، رعد، سجل۔

س(34): قرآن مجید کی سب سے پہلی وحی اور سورۃ کس چیز پر لکھی گئی؟

جواب : کھجور کے پتوں پر۔

س(35): قرآن مجید کی کتنی سورتیں حروف مقطعات سے شروع ہوتی ہیں؟

JANNATI KAUN?

جواب : 29۔

س(36): حروفِ مقطعات کتنے ہیں۔

جواب : 29۔

س(37): قرآنِ مجید کا ترجمہ کتنی زبانوں میں ہو چکا ہے؟

جواب : ایک سو سے زائد۔

س(38): قرآن مجید کی کتنی سورتیں کیڑوں اور جانوروں کے نام سے شروع ہوتی ہیں؟

جواب : یہ پانچ ہیں یعنی سورۃ الفیل (ہاتھی)، سورۃ البقرہ (گائے)، سورۃ العنکبوت (مکڑی) سورۃ النحل (شہد کی مکھی)، سورۃ النمل (چیونٹی)۔

س(39): قرآن پاک میں کتنی سورتوں کے نام شخصیات کے نام پر ہیں؟

جواب : 9 سورتیں یعنی یونس، ہود، یوسف، ابراہیم، مریم، لقمٰن، نوح، محمد، لہب۔

س(40): قرآن پاک میں بددُعا سے شروع ہونے والی سورتیں کتنی ہیں؟

جواب : تین ہیں یعنی سورۃ المطففین، سورۃ ہُمزہ، سورۃ لہب۔

س(41): قرآنِ مجید کی کُل کتنی آیات ہیں؟

جواب : 6236 صحیح قول کے مطابق۔

س(42): قرآنِ مجید میں کس سورۃ کے معنی دسترخوان ہیں؟

جواب : سورۃ المائدہ۔

س(43): حضرت آدم علیہ السلام کا سب سے زیادہ ذکر کس سورت میں ہے؟

جواب : سورۃ الاعراف میں سات مرتبہ۔

س(44): سورۃ برأت کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

جواب : سورۃ التوبہ کو۔

س(45): قرآن پاک میں کس نبی کے واقعہ کو "احسن القصص" کہا گیا ہے؟

جواب : حضرت یوسف علیہ السلام کے۔

JANNATI KAUN?

س(46): قرآن پاک کی کتنی سورتیں عورتوں کے نام سے شروع ہوتی ہے؟

جواب : صرف ایک سورۃ، حضرت مریم عَلَیْہَا السَّلَامُ کے نام سے۔

س(47): حضرت مریم عَلَیْہَا السَّلَامُ کس نبی کی والدہ ماجدہ ہیں؟

جواب : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی۔

س(48): حضور ﷺ کی مشہور دعا [رب زدنی علما] کس سورۃ میں ہے؟

جواب : سورۃ طٰہٰ، آیت نمبر 114۔

س(49): حضور ﷺ کو رحمۃ اللعالمین کس آیت اور سورۃ میں کہا گیا ہے؟

جواب : سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 107۔

س(50): قرآن مجید میں حضور ﷺ کا اسم گرامی **مُحَمَّد** کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب : چار مرتبہ: سورۃ آل عمران، سورۃ الاحزاب، سورۃ محمد، سورۃ الفتح۔

س(51): قرآنِ پاک میں کس نبی کا نام سب سے زیادہ آیا ہے؟

جواب : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا، 26 سورتوں میں 128 مرتبہ۔

س(52): عروس القرآن وزینت القرآن کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

جواب : سورۃ الرحمن کو۔

س(53): کس سورۃ میں اَللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں کا بار بار ذکر کیا ہے؟

جواب : سورۃ الرحمن میں۔

س(54): اَللہ تعالیٰ نے کن لوگوں کے بارے میں قرآن پاک میں وضاحت کی ہے کہ وہ تمہارے کبھی دوست نہیں ہو سکتے؟

جواب : یہودی و عیسائی۔

س(55): قرآن مجید میں اَنبیاے کرام عَلَیہِمُ السَّلَام کے علاوہ کن نیک لوگوں کا ذکر آیا ہے؟

جواب : یہ پانچ ہیں یعنی حضرت مریم، حضرت ذوالقرنین، حضرت زید بن حارثہ، طالوت، اصحابِ کہف۔

س(56): قرآن پاک میں ہامان کا ذکر آیا ہے، یہ کون تھا؟

جواب: یہ فرعون کا وزیر تھا، فرعون نے ہامان کو ایک بہت بلند مینار تعمیر کرنے کا حکم دیا تھا تاکہ وہ اس پر چڑھ کر خدا کو دیکھ سکے۔

س(57): مدینہ منورہ میں سب سے پہلے کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

جواب : سورۃ الفاتحہ۔

س(58): قرآن پاک میں کتنی مسجدوں کے نام آئے ہیں؟

جواب : چار مسجدوں کے یعنی مسجد حرام، مسجد اقصیٰ، مسجد قبا اور مسجد ضرار۔

س(59): مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ کا ذکر کس آیت کریمہ میں ہے؟

جواب : سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 1 میں۔

س(60): مسجد قبا اور مسجد ضرار کا نام کس آیت میں ہے؟

جواب : سورۃ التوبہ، آیت نمبر 107 میں۔

س(61): قرآن پاک میں اُم القریٰ (بستیوں کا مرکز) کس شہر کو کہا گیا ہے؟

جواب : مکہ مکرمہ کو۔

س(62): قرآن پاک کو ایک قرأت کے مطابق کس نے جمع کیا؟

جواب : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔

س(63): قرآن پاک میں لفظ انسان کتنی بار آیا ہے؟

جواب : 5بار۔

س(64): لفظ ملائکہ قرآن پاک میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب : 68بار۔

س(65): لفظ قرآن قرآن مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب : 66یا70بار۔

JANNATI KAUN?

س(66): قرآن پاک میں لفظ اللہ کتنی بار آیا ہے؟

جواب : 2697۔

س(67): ترجمان القرآن کس صحابی کو کہتے ہیں؟

جواب : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو۔

س(68): وہ کونسی سورۃ ہے جس کے تین بار تلاوت کرنے سے پورے قرآن کا ثواب ملتا ہے؟

جواب : سورۃ الاخلاص۔

س(69): قرآن پاک کے کلمات کی کل تعداد بتائیں؟

جواب : 77,933(ستتر ہزار نوسو تینتیس)۔

س(70): قرآن پاک کے کل کتنے حروف ہیں؟

جواب : 3,23,671(تین لاکھ تیئس ہزار چھ سو اکہتر)۔

س(71):قرآن پاک میں کونسا حرف سب سے زیادہ اور کونسا سب سے کم استعمال ہوا ہے؟

جواب : حرف ''الف'' سب سے زیادہ اور حرف ''ظ'' سب سے کم۔

س(72): قرآن پاک پر اعراب یعنی زیر زبر پیش کا کام کب اور کس نے کیا؟

جواب : یہ کام سن 73ھ میں حجاج بن یوسف کے حکم سے نصر بن عاصم نے کیا۔

س(73): قرآن پاک کی کونسی سورتوں میں آیت سجدہ ہے؟

جواب : سورۃ الاعراف، الرعد، النحل، الاسراء، مریم، الحج، الفرقان، النمل، السجدہ، ص، حم السجدہ النجم، الانشقاق، العلق۔

س(74): کیا حافظِ قرآن قیامت کے دن لوگوں کی شفاعت کرے گا؟

جواب : جی ہاں! اپنے خاندان کے سات افراد کی۔

س(75): امتحان میں کامیابی کے لیے کونسی سورت پڑھنی چاہیے؟

جواب : سورۃ فاتحہ روزانہ 11 بار۔

JANNATI KAUN!

{حصّہ دوم}

س(1) : نزول کے اعتبار سے سورۃ فاتحہ کونسے نمبر پر ہے؟

جواب : پانچویں نمبر پر۔

س(2) : سورۃ البقرہ کی کونسی آیات معراج کے موقع پر نازل ہوئیں؟

جواب : سورۃ البقرہ کی آخری دس آیات۔

س(3) : "النساء" کا کیا معنی ہیں؟

جواب : عورتیں۔

س(4) : عورتوں کے زیادہ تر مسائل کن سورتوں میں بیان ہوئے ہیں؟

جواب : سورۃ النساء، سورۃ الطلاق، سورۃ النور۔

س(5) : رسولِ اکرم ﷺ جب اپنی اونٹنی قصویٰ پر سوار تھے تو اُس وقت کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

جواب : سورۃ الانعام۔

س(6) : ذوالقرنین کا قصہ کس سورۃ میں ہے؟

جواب : سورۃ الکہف میں ہے۔

س(7): حضرت جعفر طیار نے حبشہ کے حکمران نجاشی کے سامنے کس سورۃ کی آیات تلاوت کی تھیں؟

جواب : سورۃ مریم کی۔

س(8) : سورۃ الحج کب نازل ہوئی؟

جواب : غزوہ بنی مصطلق میں۔

س(9) : مومن کی صفات کس سورۃ کے آغاز میں بیان ہوئی ہیں؟

جواب : سورۃ المومنون۔

س(10): سورۃ النور کے علاوہ پردے کے احکام کس سورۃ میں ہیں؟

جواب : سورۃ الاحزاب میں۔

س(11): کونسے نبی کو مچھلی نے اپنے پیٹ میں نگل لیا تھا؟

جواب : حضرت یونس علیہ السلام۔

س(12): سورۃ الحجرات کے مطابق اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ کون ہے؟

جواب : جو زیادہ متقی ہے۔

س(13): قرآن مجید میں قارون کا ذکر کس سورۃ میں ہے؟

جواب : سورۃ القصص میں۔

س(14): قرآن مجید کی کتنی سورتیں ایسی ہیں جن کے نام میں کوئی نقطہ نہیں؟

جواب : گیارہ سورتیں ہیں یعنی ہود، رعد، طٰہٰ، روم، ص، محمد، طور، ملک، دہر، اعلیٰ، عصر۔

JANNATI KAUN?

س(15): قرآنِ پاک کی کس سورت کے نام سب سے زیادہ ہیں؟

جواب : سورۃ الفاتحہ کے تقریباً سات نام ہیں.

س(16): قرآن مجید میں وادی غیر ذی زرع (جس وادی میں کھیتی باڑی نہیں ہوتی) کس کو کہا گیا ہے؟

جواب : مکہ مکرمہ کو۔

س(17): قرآن مجید کی کس سورۃ میں حضرت سلیمان علیہ السلام اور ملکہ بلقیس کا ذکر ہے؟

جواب : سورۃ النمل میں۔

س(18): واقعہ معراج کس کس سورت میں ہے؟

جواب : سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ النجم میں۔

س(19): قرآنِ مجید کے نزول کا مکّی اور مدنی دور کتنا کتنا ہے؟

جواب : مکّی دور: 12 سال 5 ماہ 13 دن..... مدنی دور: 9 سال 9 ماہ 9 دن۔

س(20): قرآن مجید کی پہلی اور دوسری وحی کے درمیان کتنا وقفہ تھا اور اس وقفہ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : 6 ماہ کا وقفہ تھا اور اس کو زمانہ فترت کہتے ہیں۔

س(21): قرآن پاک میں آیاتِ وعدہ اور وعید کتنی ہیں؟

جواب : دونوں کی تعداد ایک ایک ہزار ہے۔

س(22): آیاتِ اَمثال اور قصص کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : دونوں کی تعداد ایک ایک ہزار ہے۔

س(23): آیاتِ حِلّت وحرمت کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : دونوں کی تعداد پانچ پانچ سو ہے۔

س(24): قرآن پاک کی کس سورۃ میں مویشیوں کے حلال وحرام ہونے کے متعلق اہل عرب کے عقائد کا رد کیا گیا ہے؟

جواب : سورۃ الانعام میں کیونکہ انعام مویشیوں کو کہا جاتا ہے۔

س(25): اعراف کے کیا معنی ہیں؟

JANNATI KAUN?

جواب : اعراف جنت اور دوزخ کے درمیان ایک جگہ ہے۔

س(26): چیونٹیوں کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب : سورۃ النمل میں کیونکہ نمل کا معنی ہی چیونٹی ہے۔

س(27): سورۃ الملائکہ کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

جواب : سورۃ الفاطر کو۔

س(28): سورۃ محمد کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب : سورۃ القتال۔

س(29): صلح حدیبیہ کا نام ''فتح عظیم'' کس سورت میں ہے؟

جواب : سورۃ الفتح میں۔

س(30): برصغیر میں فارسی زبان میں ترجمۂ قرآن سب سے پہلے کس نے کیا؟

جواب : حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے۔

س(31): قرآن پاک کو لکھنے والے چند کاتبین صحابہ کے نام لکھیں؟

جواب : خلفائے راشدین، حضرت زید بن ثابت، حضرت ابی بن کعب، حضرت ثابت بن قیس۔

س(32): وہ کونسی سورۃ ہے جس کے بارے حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ ایک ہزار آیات کی تلاوت کے برابر ہے۔

جواب : سورۃ التکاثر۔

س(33): کس سورۃ کو نصف قرآن کہا جاتا ہے؟

جواب: سورۃ الزلزال۔

س(34): وہ کونسی سورتیں ہیں جن کو حضور ﷺ ہر رات پڑھ کر اپنے بدن پر دم کرتے تھے؟

جواب : سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس۔

س(35): قرآن پاک میں مذکور 26 انبیائے کرام کے نام بتائیں؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ادریس علیہ السلام، حضرت ہود علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت لوط علیہ السلام، حضرت یعقوب علیہ السلام، حضرت یوسف علیہ السلام، حضرت شعیب علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت یونس علیہ السلام، حضرت الیاس علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت یسع علیہ السلام، حضرت عزیر علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام، حضرت ذوالکفل علیہ السلام، حضرت زکریا علیہ السلام، حضرت یحیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت محمد ﷺ۔

س(36): قرآن مجید کی کس آیت میں پل صراط کا ذکر ہے؟

جواب : سورہ مریم، آیت نمبر 71 میں۔

س(37): آخری وحی کے الفاظ کیا ہیں اور وہ قرآن پاک میں کہاں واقع ہے؟

جواب : سورۃ المائدہ، آیت نمبر 3 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا۔

{حصہ سوم}

[طہارت]

س(1): طہارت کی فضیلت کس سورۃ اور آیت سے ثابت ہوتی ہے؟

جواب : سورۃ البقرہ آیت نمبر 222 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ.

[بے شک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو پسند فرماتا ہے]

س(2): قرآن پاک کی کس سورۃ اور آیت میں وضو کا ذکر آیا ہے؟

JANNATI KAUN?

جواب : سورۃ المائدہ کی آیت نمبر 6 میں، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ.

[اے ایمان والو! جب تم نماز کا ارادہ کرو تو تم اپنے چہرے کو دھولو اور ہاتھوں کو کہنیوں تک دھولو اور سر کا مسح کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھولو]

س(3): غسل کے واجب ہونے کا حکم قرآن پاک میں کہاں ہے؟

جواب : سورۃ المائدہ آیت نمبر 6 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا.

[یعنی اگر ناپاک ہو جاؤ تو غسل کرو]

س(4): تیمم کا حکم قرآن پاک کی کس آیت کریمہ سے ثابت ہوتا ہے؟

جواب : سورۃ النساء، آیت نمبر 43 سے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ

[پس جب تم پانی نہ پاؤ تو تم تیمم کرلو پاک مٹی سے، پس اپنے چہروں اور ہاتھوں کا مسح کرو]

[ذکرِ الٰہی]

س(5): اللہ کا ذکر کرنے کا حکم کس آیت میں ہے؟

جواب : سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 41 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا.

[اے ایمان والو! اللہ کا ذکر بہت زیادہ کرو]

س(6): کیا اللہ کا ذکر دلوں کا چین اور سکون ہے؟

جواب : جی ہاں! سورۃ الرعد، آیت نمبر 28 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

JANNATI KAUN?

أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ.

[سُن لو کہ اللہ کے ذکر میں ہی دلوں کا سکون ہے]

س(7): کیا قرآن پاک میں نماز کے بعد اللہ کا ذکر بلند کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: جی ہاں! سورۃ النساء، آیت نمبر: 103 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ

[پس جب تم نماز ادا کرلو تو اللہ کا ذکر کرو چاہے کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر اور اپنے پہلوؤں پر]

[کلمۂ طیبہ]

س(8): کیا قرآن میں کہیں کلمۂ طیبہ کا ثبوت ملتا ہے؟

جواب : جی ہاں! کلمۂ طیبہ کا پہلا حصہ سورۃ محمد، آیت نمبر 19 میں ہے:

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ.

اور دوسرا حصہ سورۃ الفتح، آیت نمبر 29 میں ہے:

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ.

[رسول اللہ ﷺ]

س(9): رسولِ اکرم ﷺ کے اخلاقِ عالیہ کا ذکر کس آیت کریمہ میں ہے؟

جواب : سورۃ القلم، آیت نمبر 4 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۔

[اور بے شک آپ ﷺ بلند اخلاق کے مالک ہیں]

س(10): کس آیت کریمہ سے ثابت ہوتا ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ کی زندگی ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔

جواب : سورۃ الاحزاب، آیت نمبر: 21 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ۔

[بے شک رسولِ اکرم ﷺ کی زندگی تمہارے لیے بہترین نمونہ ہے]

س(11): کیا قرآن پاک کی کسی آیت سے ثابت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نور ہیں؟

جواب : جی ہاں! سورۃ النساء، آیت نمبر 174 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۔

[اور ہم نے آپ کی طرف روشن نور نازل کیا]

اسی طرح سورۃ المائدہ، آیت نمبر: 15 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتَابٌ مُّبِيْنٌ ۔

[تحقیق تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور روشن کتاب آئی]

س(12): کیا یہ بات قرآن پاک میں ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور ﷺ کو راضی کرنا چاہتا ہے؟

جواب : جی ہاں! سورۃ الضحیٰ، آیت نمبر 5 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۔

[اور آپ کو آپ کا رب اتنا عطا کرے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے]

س(13): کیا یہ بات قرآنِ پاک میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسولِ اکرم ﷺ کا ذکر بلند کیا ہے؟

جواب : جی ہاں! سورۃ الم نشرح، آیت نمبر 4 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ.

[اور ہم نے آپ کا ذکر آپ کے لیے بلند کیا]

س(14): کیا یہ بات قرآن میں ہے کہ حضور ﷺ مومنوں کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہیں؟

جواب : جی ہاں! سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 6 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ.

[نبی تمام مومنوں کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہیں]

س(15): حضور ﷺ کے آخری نبی ہونے کی قرآن سے دلیل دیں؟

JANNATI KAUN?

جواب : سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 40 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ.

[بے شک محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، لیکن یہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں]

س(16): حضور ﷺ کا اسم گرامی **احمد** ﷺ قرآن پاک میں کہاں واقع ہے؟

جواب : سورۃ الصف، آیت نمبر 6 میں:

وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ.

[اور اس رسول کی خوش خبری سناتا ہوں جو میرے بعد تشریف لائیں گے جن کا نام احمد ہے]

س(17): حضور ﷺ کے علم غیب کے مالک ہونے کا ذکر کس آیت کریمہ میں ہے؟

جواب : سورۃ التکویر: آیت نمبر 24 میں:

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ.

[اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں]

س(18): کیا حضور کے حاضر و ناظر ہونے کا ذکر قرآن مجید میں ہے؟

جواب : جی ہاں! سورۃ الاحزاب: آیت نمبر 45 میں ہے:

يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا۔

[اے غیب کی خبریں بتانے والے! بے شک ہم نے تم کو حاضر و ناظر، خوش خبری دینے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا]

[انبیائے کرام]

س(19): حضرت عزیر علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک میں کس جگہ آیا ہے؟

جواب : سورۃ التوبہ، آیت نمبر: 30 میں۔

JANNATI KAUN?

وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرُ ابْنُ اللَّهِ۔

[اور یہودی بولے کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے]

س(20): حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا ذکر کس مقام میں ہے؟

جواب : سورۃ الشعراء، آیت نمبر 155 میں۔

قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ۔

[فرمایا کہ یہ ناقہ ہے ایک دن اس کے پینے کی باری ہے]

س(21): حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر تفصیل کے ساتھ کس مقام پر ہے؟

جواب : سورۃ القصص میں کہ اس سورۃ میں آپ کا اسم گرامی 17 مقامات پر ہے۔

س(22): حضرت آدم علیہ السلام کے خلیفہ بنائے جانے کا ذکر قرآن پاک میں کس مقام پر ہے؟

جواب : سورۃ البقرہ، آیت نمبر 30 تا 38۔

س(23): کیا قرآن پاک سے یہ بات ثابت ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے 950 سال لوگوں تبلیغ کی؟

جواب : جی ہاں! سورۃ العنکبوت، آیت نمبر 14۔

فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا.

[تو وہ اُن میں پچاس سال کم ہزار برس رہے]

[نماز]

س(24): باجماعت نماز ادا کرنے کا قرآن پاک میں کہاں حکم ہے؟

جواب : سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 43 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرّٰكِعِينَ.

[اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ]

JANNATI KAUN?

س(25): کس آیت کریمہ میں بتایا گیا کہ نماز برے کاموں اور بے حیائی سے روکتی ہے؟

جواب : سورۃ العنکبوت، آیت نمبر 45 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ.

[بے شک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے]

س(26): کیا قرآن پاک میں نماز جمعہ ادا کرنے کا حکم ہے؟

جواب : جی ہاں! سورۃ الجمعہ، آیت نمبر 9 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ.

[اے ایمان والو! جب تمہیں نمازِ جمعہ کے لیے بلایا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو]

س(27): کیا یہ بات قرآن پاک میں ہے کہ نماز وقتِ مقررہ پر پڑھنی چاہیے؟

جواب : جی ہاں! سورۃ النساء، آیت نمبر 103 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَّوْقُوتًا.

[بے شک نماز مومنوں پر وقت مقررہ پر فرض کی گئی ہے]

س(28): نماز سے غفلت برتنے والوں کے لیے قرآن کا کیا حکم ہے؟

جواب : سورۃ الماعون، آیت نمبر 4-5 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ.

[پس ہلاکت ہے اُن نمازیوں کے لیے جو اپنی نمازوں سے غافل ہیں]

[زکوٰۃ]

س(29): زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کا کیا انجام ہے؟

جواب : سورۃ التوبہ، آیت نمبر 34 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ.

[اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اُنہیں اللہ کی راہ میں نہیں خرچ کرتے، پس اُنہیں دردناک عذاب کی خوش خبری دیجیے]

[روزہ]

س(30): روزہ کے بارے میں کس آیت کریمہ میں حکم دیا گیا ہے؟

جواب : سورۃ البقرہ، آیت نمبر: 183 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ.

[اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ]

[حج]

س(31): حج کی فرضیت کس آیت کریمہ سے ثابت ہوتی ہے؟

جواب : سورۃ آلِ عمران، آیت نمبر 97 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا.

[اور اللہ کے لیے لوگوں پر بیت اللہ کا حج کرنا فرض ہے، ایسے لوگوں کے لیے جو اس کی استطاعت رکھتے ہیں]

[مکہ و مدینہ]

JANNATI KAUN?

س(32): مکہ مکرمہ کا ذکر قرآنِ پاک کی کس آیت مبارک میں ہے؟

جواب : سورۃ ال عمران، آیت نمبر 96 میں ہے:

إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا.

[بے شک سب سے پہلے لوگوں کے لیے جو گھر تعمیر کیا گیا وہ ہے جو مکہ میں ہے، جو بڑا برکت والا ہے]

س(33): لفظ مدینہ کا ذکر قرآن پاک کی کس آیت کریمہ میں آیا ہے:

جواب : سورۃ التوبہ، آیت نمبر 101 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ.

[اور مدینہ کے رہنے والے کچھ لوگ نفاق میں پکے ہیں]

[آداب]

س(34): گھر والوں کو سلام کرنے کا حکم کس آیت میں ہے؟

جواب : سورۃ النور آیت نمبر 61 میں۔

س(35): والدین سے حسنِ سلوک کا حکم کس آیت میں ہے؟

جواب : سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 23 میں۔

س(36): حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں کونسا وظیفہ پڑھتے تھے اور وہ قرآن پاک میں کہاں واقع ہے؟

جواب : سورۃ الانبیاء آیت نمبر 87 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ.

س(37): کیا قرآن پاک میں شفا ہے؟

جواب : جی ہاں! سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 82 میں رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ.

JANNATI KAUN?

[اور ہم قرآن میں اُتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے]

س(38): کس آیت کریمہ سے ثابت ہوتا ہے کہ تلاوت سے پہلے تعوذ پڑھنا چاہیے؟

جواب : سورۃ النحل آیت نمبر 98 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.

[پس جب تم قرآن پاک کی قرأت کرو تو پس شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگو]

س(39): قرآنِ پاک کی تلاوت کیسے کرنی چاہیے؟

جواب : سورۃ المزمل آیت نمبر 4 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا.

[اور قرآن پاک کی تلاوت ٹھہر ٹھہر کر کرو]

[غزوات]

س(40): قرآن پاک میں کتنے غزوات کا ذکر ہے؟

جواب : 12 کا۔

س(41): غزوۂ بدر کا ذکر کہاں ہے؟

جواب : سورۃ آل عمران آیت نمبر 123 میں۔

س(42): غزوۂ اُحد کا ذکر کہاں ہے؟

جواب : سورۃ آلِ عمران آیت نمبر 152 میں۔

س(43): غزوہ حنین کا کہاں ذکر ہے؟

جواب : سورۃ التوبہ آیت نمبر 25 میں۔

س(44): غزوۂ خندق کا کہاں ذکر ہے؟

جواب : سورۃ الاحزاب آیت نمبر 9 میں۔

JANNATI KAUN

س(45): غزوۂ بنی نضیر کا کہاں ذکر ہے؟

جواب : سورۃ الحشر آیت نمبر 2 میں۔

س(46): غزوۂ تبوک کا کہاں ذکر ہے:

جواب : سورۃ التوبہ آیت نمبر 117 میں۔

س(47): فتح مکہ کا کہاں ذکر ہے؟

جواب : سورۃ الفتح آیت نمبر 27 میں۔

س(48): غزوۂ خیبر کا کہاں ذکر ہے؟

جواب: سورۃ الفتح آیت نمبر:16 میں۔

]]]]]]]]]